حضرت پیر محمد شاہ درگاہ شریف کتب خانہ

عربی، فارسی، اردو مخطوطات

کی

وضاحتی فہرست

جلد دوم

۵۶۷ ــــــــــــــ ۱۰۰

حضرت پیر محمد شاہ درگاہ شریف ٹرسٹ احمد آباد

پیر محمد شاہ روڈ، پانکور ناکہ، احمد آباد

حضرت پیر محمد شاہ درگاہ شریف کتب خانہ

عربی، فارسی، اردو مخطوطات
کی

وضاحتی فہرست

جلد دوم

حضرت پیر محمد شاہ درگاہ شریف ٹرسٹ، احمد آباد
پیر محمد شاہ روڈ، پانکور ناکہ، احمد آباد

سلسلہ مطبوعات درگاہ شریف، نمبر ۹

فہرست مخطوطات کی ترتیب تدوین اور اشاعت میں نیشنل آرکائیوز آف انڈیا (حکومتِ ہند) کا مالی تعاون شامل ہے۔

سنِ اشاعت

کاتب :- عبد القیوم انصاری (گورکھپوری)

طباعت :- خطیب کتاب گھر اینڈ پرنٹرس
خاص بازار، تین دروازہ، احمد آباد

قیمت :- ۸۰/- روپے

ناشر :- محمد بھائی ٹوپی والا
سکریٹری حضرت پیر محمد شاہ درگاہ شریف ٹرسٹ
پیر محمد شاہ روڈ، پانکور ناکہ، احمد آباد

پیشِ لفظ

کتب خانہ حضرت پیر محمد شاہ درگاہ شریف کے مخطوطات کی وضاحتی فہرست کی دوسری جلد اہلِ علم حضرات کے خدمت میں پیش کرتے ہوئے ہمیں خوشی ہوتی ہے۔

اس جلد کو پہلی جلد کے ساتھ ہی شائع کرنا چاہتے تھے لیکن گذشتہ سال (۱۹۹۲ء) درگاہ شریف کے نہایت قابل اور فعال نوجوان چیرمین رؤف ولی اللہ صاحب کی غیر متوقع موت کے علاوہ خود شہر احمد آباد کے لئے نہایت بدامنی اور شورانگیزی کا سال رہا شہر کے اکثر کاروبار ٹھپ رہے جس کی وجہ سے فہرست کی طباعت اور جلدبندی کے معاملات التوا میں پڑے رہے۔ اللہ کا لاکھ لاکھ احسان ہے کہ حالات معمول پر آتے ہی اس جانب پوری توجہ دی گئی اور یہ دوسری جلد زیورِ طباعت سے آراستہ ہوکر منظرِ عام پر آرہی ہے۔

جلد دوم میں ۵۶۷ سے ۸۰۰ تک ۲۳۴ مخطوطات کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں۔

کتب خانہ کی ازسرِ نو ترتیب کے دوران دریافت شدہ مخطوطات کی تعداد تقریباً تین ہزار تھی جنھیں زبان کے اعتبار سے علیحدہ چھانٹ کر ڈاکٹر ضیاءالدین دیسائی اور دیگر اساتذۂ کرام کے مشورے سے موضوع کے لحاظ سے ترتیب دیا گیا تھا۔ اس منصوبے کے مطابق پہلی جلد میں قرآن پاک، تفسیر اور حدیث کی کتابیں درج ہوئی تھیں، اسی طرح دوسری جلد میں بھی موضوع کے لحاظ سے ترتیب کو مدِ نظر رکھنا مقصود تھا

مگر اس درمیان کتب خانہ کے ایک علیحدہ گوشے میں رکھی ہوئی ایک پرانی الماری کو جو برسوں سے طاقِ نسیاں کی زینت بنی ہوئی تھی کھولا گیا تو اس میں سے چند تبرکات کے ساتھ ساتھ مزید عربی مخطوطات نکل آئے جنمیں قرآن شریف کے علاوہ تفاسیر کے نسخے بھی تھے اس لئے یہ مناسب سمجھا گیا کہ ان قلمی نسخوں کی تفصیلات کو بھی اسی دوسری جلد میں شامل کر دیا جائے۔

اس جلد میں مشمولہ مخطوطات میں سے چند ایک کی از سرِ نو جلد بندی کروائی گئی ہے۔ ایسے مخطوطات کی ضخامت کے پیشِ نظر انھیں دو یا دو سے زائد جلدوں میں محفوظ کیا گیا ہے مگر مخطوطات کے اوراق نمبر مسلسل ہی لکھے گئے ہیں۔

احمد آباد میں ایک طرف جہاں آفسیٹ طباعت کی سہولتیں بڑے پیمانے پر فراہم ہو چکی ہیں وہاں دوسری طرف آج بھی کتابت کی دشواریاں اتنی ہی پیش آتی ہیں۔ فنی اعتبار سے کہنہ مشق کاتبوں کا فقدان ہے اسکے باوجود جناب عبدالقیوم انصاری نے اپنی دیگر گونہ مصروفیات کے بیچ فہرست ہذا کی کتابت کی ذمہ داریاں نبھائیں اور دوسری جلد کے اس کام کو بخوبی انجام دیا۔

درگاہ شریف کمیٹی کے ہر دلعزیز چیرمین اور گجرات کے اقلیتی سماج کے قابلِ فخر رہنما جناب رؤف ولی اللہ کی اچانک اور دردناک شہادت نے نہ صرف اراکین درگاہ شریف کمیٹی اور متعلقہ حضرات کو بلکہ پورے شہر اور صوبہ کو ایک عجیب حالت سے دوچار کر دیا۔ اس ناگہانی حادثہ سے فہرست سازی کے کام پر وقتی طور پر اثر پڑا مگر مرحوم رؤف بھائی کی فہرست تیار کرنے کی بہت ہی بڑی خواہش کا احترام کرتے ہوئے

اس کام کو تندہی سے تکمیل تک پہنچانے کا کمیٹی نے فیصلہ کیا۔

فہرست کی پیش رفت کے ساتھ ساتھ ہر قدم پر مجھے اس میدان میں میری نا اہلی اور بے بضاعتی کا احساس شدت سے دامن گیر رہتا ہے۔ مگر آفرین ہے اُن بزرگ رفقار اور بے لوث ہم نفسوں پر جن کی نیک خواہشات، عالمانہ مشورے اور دیگر مساعی جمیلہ نے اس فہرست کے منصوبے کو آگے بڑھانے میں حوصلہ افزائی کی۔ اِن سب حضرات کا جن میں ڈاکٹر ضیاء الدین دیسائی، پروفیسر محمود حسین شیخ، پروفیسر عباسی اور پروفیسر گول والا صاحب شامل ہیں میں بے حد ممنون ہوں۔ اس سلسلے میں کمیٹی کے اراکین اور کارمند حضرات کا بھی پورا تعاون حاصل رہا جس کے لئے میں ان کا شکر گذار ہوں۔

تیسری جلد پر کام شروع ہو چکا ہے اور یہ انشاء اللہ سالِ رواں کے آخر تک منظرِ عام پر آجائے گی —

پروفیسر محی الدین بمبئی والا

567

القرآن المجید مع ترجمہ فارسی

567

نامعلوم الاسم

سائز : ۲۲ × ۳۰ سطور : ۲۶

اوراق : ۱۷۴ خط : نسخ

موضوع : قرآن شریف زبان : عربی

حالت : مجلد - کتاب کا معیار متوسط

آغاز : (۱) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - الٓمٓ، ذالك الکتاب لاریب فیہ -

(۲) اُمیّون لا یعلمون الکتاب اِلّا امانی وان ھم الا یظنّون -

اختتام : (۱) یعلم ما یُسرّون وما یعلنون و منھم -

(۲) الیس ذالك بقادرٍ -

نوٹ : قرآن مجید کے اوراق کا سائز دیکھنے سے اس کے اوراق کی طوالت وعرض کا علم ہوجاتا ہے - قرآن کا صفحہ اول قلمی نہیں ہے - مطبوعہ رکھا ہوا ہے -

(۱) قرآن مجید سورۃ البقرہ کی ابتدا سے آٹھ صفحے تک " یعلم مایسرّون وما یعلنون ومنھم" تک کسی کاتب کا عمدہ خط وکتابت میں مرقوم ہے - بعد ازاں دوسرے کاتب کا لکھا ہوا قرآن کے آخر تک ہے - پہلے کاتب نے وقوف قرآنی اور بعض مقامات پر مدّ کے نشان کو سرخ روشنائی سے لکھا ہے -

(۲) دوسرے کاتب نے ابتدا سے سورۃ القیامۃ تک قرآن کے تمام الفاظ کو خوب جلی قلم سے اور باہم کلمات کو ممتاز کرنے کے لیئے ہر دو لفظوں کے درمیان فاصلہ رکھا ہے۔

کاتب نے سرخ روشنائی سے بین السطور میں بزبان فارسی ترجمہ لکھا ہے۔ یہ ترجمہ لفظی ہے۔ ترجمہ بھی ایک لفظ اور دوسرے لفظ کا فاصلہ کے ذریعے ممتاز کر دیا گیا ہے۔

کاتب نے وقوف قرآنی رکوع کی ع، ربع، ثلثہ اکثر مقامات پر مد کی علامت ـــــ، حواشی، ہر پارے کا نام سبز روشنائی سے لکھا ہے۔

کاتب نے عام طور سے ہر صفحہ پر ایک چھوٹا سا پھول بنایا ہے۔

(۳) "سورۃ الدہر" سے پہلے کاتب کی کتابت ہے جس کی ابتدا "علی ان یحیی الموتی - ھل اتی علی الانسان" اور اختتام "یوسوس فی صدور الناس من الجنۃ والناس" ہے۔ یہاں پر ابتدائی حصے کی پیروی کی گئی ہے یعنی وقوف قرآنی وغیرہ کو سرخ روشنائی سے لکھا ہے اور ترجمہ تحریر نہیں کیا گیا ہے۔

یہ کاتب "سورۃ" لفظ لکھنے کے بعد "الاخلاص" لکھنا بھول گئے ہیں۔

آخری سورت کے بعد "نصر من اللہ و فتح قریب" مندرج ہے۔

568

القرآن المجید مع ترجمہ فارسی

568

نامعلوم الاسم

سائز : ۲۵ × ۳۱½ سطور : ۲۶
اوراق : ۴۲۸ خط : نسخ
موضوع : قرآن شریف زبان : عربی
حالت : مجلد - معیار کتابت متوسط -
آغاز : سورۃ الفاتحۃ مکیّۃ وھی سبع آیات - بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - الحمد للہ رب العالمین الرحمٰن الرحیم مالک یوم الدین -
اختتام : الذی یوسوس فی صدور الناس من الجنۃ والناس -
نوٹ : سورۃ الفاتحہ کا فارسی ترجمہ اور " سورۃ البقرہ " کے ابتدائی ڈھائی رکوع کا ترجمہ مندرج نہیں ہے - فارسی ترجمہ چھٹے صفحے سے درج ہے - ترجمہ لفظی ہے اور مختصر ہے - ترجمہ سطروں کے درمیان سرخ روشنائی سے درج کیا گیا ہے - وقوف قرآنی رکوع کی علامت، ربع، نصف، ثلث ارباع، لفظ سورت، سورت کا نام وغیرہ، ہر ایک پارے کے ابتدائی کلمات کو سرخ روشنائی سے لکھا ہے -
سہو سے اصل قرآن میں لکھ جانے سے رہ جانے والے کلمات کو حواشی میں لکھا گیا ہے - - نسخہ ہذا کے کاغذ اور کتابت قدامت کے شاہد ہیں ۔ صفحہ اول پر " قل رب زدنی علماً " لکھنے کے بعد بزبان فارسی خلفاء اربعہ کے مدت خلافت اور حضرت حسن رضؓ کی مدت خلافت چھ ماہ مرقوم ہے - - -

569

اختصار التبیان فی فضائل القرآن

امام محی الدین النواوی

569

سائز : ۱۳ ½ × ۲۲ سطور : ۲۷

اوراق : ۲۶ خط : نسخ

مہر : عبدہ محمد ابوبکر

مالک : خاندان ولی اللہ

موضوع : آداب زبان : عربی

حالت : مجلد ۔ کتابت خفی

آغاز : قال اللہ عز وجل ان الذین یتلون کتاب اللہ واقاموا الصلوٰۃ وانفقوا مما رزقنٰھم ۔

اختتام : صلاتہ وسلامہ الاکملان علی سیدنا محمد وعلی آلہ واصحابہ اجمعین ۔

نوٹ : " فضیلۃ تلاوۃ القرآن وحملتہ " نامی تصنیف علامہ محی الدین النواوی رحمۃ اللہ کی ہے ۔ کسی دمشقی عالم نے احباب کی درخواست پر اس کا اختصار لکھا ہے ۔ کتاب کے دس باب مقرر کئے ہیں اور ہر باب میں متعدد فصول ہیں ۔

570

دلائل الخیرات وشوارق الانوار فی ذکر الصلوٰۃ علی النبی المختار

570

الشیخ ابو عبد اللہ محمد بن سلیمان بن ابی بکر الجزول السملال الشریف الحسنی المتوفی سنۃ ۸۵۴ھ ۱۴۵۰-۵۱ء

سائز : ۱۰ × ۱۵½

اوراق : ۱۲۹ سطور : ۹

موضوع : ادعیہ خط : نسخ

زبان : عربی

حالت : جلد شکستہ، کرم خوردہ، کتابت کا معیار متوسط۔

آغاز : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وبہ نستعین وصلی اللہ علی سیدنا محمد وعلی آلہ وصحبہ وسلم۔ الحمد للہ الذی ھدانا الایمان۔

اختتام : واخلاص الموقنین وشکر الصابرین وتوبۃ الصدّیقین۔

نوٹ : کتاب کے آخر میں چند سادہ اوراق ہیں۔ ایک صفحہ پر ایک نقش لکھا ہوا ہے۔

571

ہفت ہیکل (الہیاکل السبعہ)

571 نامعلوم الاسم

سائز : ۱۶ × ۲۲ سطور : ۱۱
اوراق : ۱۲ خط : نسخ
موضوع : ادعیہ و اوراد زبان : عربی
حالت : مجلد - خط جلی - خوشخط
آغاز : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - واعیذ نفسی باللہ العلی العظیم اللہ لا الٰہ الا ھو الحیّ القیوّم -
اختتام : وثبّتنی علی ایمان یا ذالجلال والاکرام برحمتك یا ارحم الراحمین -
نوٹ : عربی زبان میں اس کتاب کا نام "الھیاکل السبعۃ" ہے - اس کا فارسی ترجمہ "ھفت ھیاکل" ہے - اس میں ہفتہ کے سات دنوں میں سے ہر ایک دن کی جداگانہ دعا ہے - یہ دعائیں رحمت و برکت کے لئے مشہور ہیں -

نسخہ ہذا میں "بزبان گجری" "اسناد دعا ہفت ہیکل" عنوان کے ماتحت "ھفت ھیاکل" کے فضائل و فوائد چھ اوراق میں درج ہیں -

خطبات عربی

نامعلوم الاسم

572

سائز : ۱۲½ × ۲۳ سطور : ۱۴
اوراق : ۱۲۴ خط : نسخ
مالک : ملکِ مسجد نگینہ
موضوع : خطبات زبان : عربی (اور فارسی)
حالت : مجلد - کتابت معمولی -
آغاز : خطبہء اول من شہر محرم الحرام - بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الحمد للہ مکرّر الایّام والدّھور -
اختتام : بعد ازاں شد سلطنت سلطان بابر بادشاہ باد در فردوس جائش باہزاراں عزّ و جاہ -
نوٹ : ماہ محرم کے خطبات جمعہ سے ابتدا کی گئی ہے - ہر ماہ کے چار جداگانہ خطبات تحریر ہیں - اڑتالیس خطبات تحریر کرنے کے بعد خطبہ ثانی مرقوم ہے جس کے آخر میں ابوالمظفر محمد اکبر شاہ بہادر بادشاہ غازی کے لئے بقا سلطنت کی دعا ہے - بعد ازاں خطبہ عید الفطر اور خطبہ عید الضحیٰ ہے - دونوں کے بعد خطبۂ ثانی مندرج ہے - بعد ازاں تین صفحات میں ابتداءً امیر تیمور سے سلطان عالمگیر اورنگ زیب تک کے لئے فارسی نظم میں اور اس کے بعد عربی نثر میں دعائیں ہیں - پھر تین صفحات میں علمی کے خطبات میں سے ایک خطبہ نقل کیا گیا ہے - آخری

صفحہ پر بزبان فارسی نظم میں صاحبقران امیر تیمور سے بابر تک کے لئے دعائیں ہیں ۔ صرف آخر میں ایک ورق کم ہے ۔

573

نامعلوم الاسم

نامعلوم الاسم

573

سائز	:	۱۹ × ۳۱	سطور : ۲۳
اوراق	:	۲۲۲	خط : نسخ
موضوع	:	تفسیر	زبان : عربی
حالت	:	مجلد ۔ کتابت کا معیار معمولی	
آغاز	:	یدلنی لأقرب من هذا رشدا لاقرب رشدا واظهر دلالة ۔	
اختتام	:	لیغفر لك الله ملة للفتح من حیث انه مسبب عن جبها والکفار فی ازاحة الشرك واعلاء ۔ ۔ ۔	

نوٹ : یہ تفسیر ناقص الطرفین ہے نسخہ ہذا میں " سورۃ الکہف " (پارہ ۱۵) کی چوبیسویں[۲۴] آیت کے آخری جملے کی تفسیر شروع ہوئی ہے اور چوبیسویں[۲۴] پارہ " سورۃ المومن " کی چوہترویں[۷۴] آیت کے آخری جملے سے پہلے تک تفسیر درج ہے ۔

شروع کے حصے میں سورۃ المومنون کی چوہترویں آیت کی تفسیر ماقبل سے متصل ہے ۔ یہ حصہ مسلسل ترتیب وار قرآنی سورتوں کی تفسیر ہے اور " سورۃ الفتح " کی پہلی آیت کی نا تمام تفسیر پر ختم ہوجاتا ہے ۔ حواشی کثرت سے ہیں ۔ لفظ سورت اور اس کا نام سرخ روشنائی سے مندرج ہے ۔

574 - ا

الجلد الاول من ارشاد العقل السلیم الی مزایا الکتاب الکریم (تفسیر ابی السعود)

مولانا ابو السعود بن محمد العمادی الحنفی المتوفی ۹۸۲ھ ۷۵-۱۵۷۴ء

سائز : ۲۱ × ۳۱ سطور : ۳۵

اوراق : ۵۵۰ خط : نسخ

سنہ کتابت : ۱۹ رمضان ۹۹۹ھ / جمعرات یکم جولائی ۱۵۹۱ء

موضوع : تفسیر زبان : عربی

حالت : جلد شکستہ - معیار کتابت متوسط -

آغاز : سبحان من ارسله بالهدی و دین الحق وبیّن له من شعائر الشرائع کل ماجلّ ودقّ -

اختتام : سورة یوسف فان ای سلم تلاها وعلمها اهله وما ملکت یمینه هوّن الله علیه سکرات الموت -

نوٹ : تفسیر کے صفحہ اول پر مفسر کے مختصر سوانح درج ہیں "تفسیر ابی السعود" کی پہلی جلد "سورہ یوسف" کے بعد منتہی ہوتی ہے - یہ مبسوط تفسیر ہے - مفسر نے سلطان سلیمان خان ابن السلطان سلیم خان ابن السلطان بایزید خان کے نام اس کو تہدیہ کیا ہے - سلطان نے انھیں انعامات سے نوازا تھا - خود تفسیر بلند پایہ ہے - اس لئے متعدد علماء نے تشریحات اور حواشی لکھے ہیں . . . . . .

574-2

574-2

الجلد الثانی من ارشاد العقل السلیم الی مزایا الکتاب الکریم (تفسیر ابی السعود)

مولانا ابوالسعود بن محمد العمادی الحنفی المتوفی سنہ ۹۸۲ھ / سنہ ۱۵۷۴-۷۵ء

سائز : ۲۰½ × ۳۱½ سطور : ۳۵

اوراق : ۵۵۲ خط : نسخ

سنہ تالیف : جمعہ رجب سنہ ۹۷۳ھ / جنوری سنہ ۱۵۶۶ء

سنہ کتابت : منگل ۲۲ رمضان سنہ ۱۰۰۱ھ / ۱۲ جون سنہ ۱۵۹۳ء

موضوع : تفسیر زبان : عربی

حالت : جلد شکستہ - معیار کتابت متوسط

آغاز : المراسم للسورۃ ومحلہ الرفع علی انہ خبر لمبتدا محذوف ای ھذالسورۃ سماۃ بھذا الاسم۔

اختتام : الامن تدارکہ سوابغ عصمتہ وتناولہ وسع رحمتہ عصمنا اللہ تعالی من الغفلۃ عن ذکرہ ووفقنا لاداء حقوقہ۔

نوٹ : "سورۃ الرعد" سے "سورۃ الناس" تک تفسیر مکمل ہے لیکن ابتدا میں ایک ورق غالباً نہیں ہے - اُسی سے کاتب کا علم ہوتا ...

آخری صفحہ پر مفسر کے مختصر سوانح درج ہیں۔

575-1

الجلد الاول من غرائب القرآن ورغائب الفرقان المعروف بتفسير النيسابوری

575-1

الامام حسن بن محمد بن حسین القمی المعروف بنظام الاعرج النیسابوری

سائز : ۲۳ × ۲۹ سطور : ۲۲

اوراق : ۲۵۰ خط : نسخ

سنہ تالیف : ۷۲۸ھ / ۱۳۲۷ء

کاتب : (۱) بخط مؤلف

(۲) محمد رضا بن غلام محمد بن احمد بن سلیمان

مالک : (۱) منصور بن احمد الحسینی ۱۰۸۸ھ / ۱۶۷۷-۷۸ء

(۲) محمد رضا غلام محمد ۱۱۵۶ھ / ۱۷۴۳-۴۴ء

(۳) محمد عماد الدین ۱۱۵۵ھ / ۱۷۴۲-۴۳ء

موضوع : تفسیر زبان : عربی

حالت : مجلد - معیار کتابت ناقص -

آغاز : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - الحمد للہ الکریم ارغب فی ابداع غرائب القرآن -

اختتام : ویشترون ای بالکتمان لدلالة الفعل علیه او بالمنزل وقد سبق معنی الاشتراء والثمن القلیل فی بطونهم - - - - - -

نوٹ : مفسر نے مذکورہ بالا تفسیر دولت آباد دکن میں لکھی ہے۔
صفحہ اول پر صراحت ہے کہ نظام الاعرج کی تفسیر تیس اجزا میں ہے
مخطوطہ تین جلدوں میں ہے۔ پہلی جلد سورۃ الفاتحہ سے سورۃ
آل عمران کے آخر تک ہے۔ یہاں پہلی جلد کی دو جلدوں میں جلد
بندی کرائی گئی ہے۔ لہذا پیش نظر جلد اول "سورۃ الفاتحہ"
سے شروع ہوتی ہے اور دوسرے پارے کے چوتھائی حصے پر
ختم ہوجاتی ہے۔

نسخہ ہذا میں تفسیر شروع ہونے کے قبل صراحت کی گئی ہے
کہ ابتدائی دو ورق اور درمیان کے چند ورق (ورق ۵۲ - ۶۰)
کی کتابت محمد رضا بن غلام محمد بن احمد بن سلیمان نے کی ہے۔

نسخۂ ہذا سنہ ۱۰۸۸ھ / ۷۸-۱۶۷۷ء میں منصور بن
احمد الحسینی کی ملکیت میں تھا۔ بعد ازاں محمد رضا بن غلام محمد
کی تحویل میں آیا پھر محمد عماد الدین کی ملکیت میں منتقل ہوا۔

حواشی میں دسیوں جگہ بخط مؤلف وضاحتی نوٹس مرقوم ہیں۔

الجلد الثانی من غرائب القرآن و رغائب الفرقان المعروف بتفسیر النیسابوری

الامام حسن بن محمد بن حسین القمی المعروف بنظام الاعرج النیسابوری

سائز : ۲۳ × ۲۹

اوراق : ۲۵۱ سے ۵۵۵ سطور : ۲۴ خط : نسخ

سنہ تالیف : سنہ ۸۲۸ھ / سنہ ۱۳۲۷ء

کاتب : بخط مؤلف ۔

مالک : محمد عماد الدین

موضوع : تفسیر زبان : عربی

حالت : مجلد ۔ معیار کتابت معمولی ۔

آغاز : جال لکرمك بطونهم اکل فلان فی بطنه واکل فی بعض بطنه ۔

اختتام : واٰخر دعوٰهم ان الحمد للّٰه رب العالمین ۔

نوٹ : دوسرے پارے کے ایک چوتھائی کے بعد شروع ہوکر سورۂ آل عمران کے آخر تک کی تفسیر ہے ۔
یہ جلد مکمل بخط مؤلف ہے ۔
حواشی میں دسیوں جگہ وضاحتی نوٹ بخط مؤلف تحریر ہیں ۔ ۔

576

الجلد الاول من غرائب القرآن و رغائب الفرقان مع ترجمہ فارسی

576

الامام الحسن بن محمد بن حسین القمیؒ المشتہر بالنظام الاعرج النیسا بوری

سائز : ۱۸ × ۳۲ سطور : ۳۱

اوراق : ۵۲۰ خط : نسخ

سنہ تالیف : محرم سنہ ۷۲۸ھ / سنہ ۱۳۲۷ء

سنہ کتابت : ماہ ذی القعدہ سنہ ۱۰۱۳ھ / مارچ سنہ ۱۶۰۵ء

کاتب : ابن ملک محمد محب علی الکازرونی

مہر : شاہ محمد علوی ۲۵

مالک : عنایت علی شاہ

موضوع : تفسیر زبان : عربی

حالت : مجلد - معیار کتابت درمیانی - حواشی کرم خوردہ -

آغاز : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، رب یسّر، الی اللہ الکریم ارغب فی ابداع غرائب القرآن -

اختتام : وغیب الغیب ما غاب عنهم ولا یمکنهم أن یعلموه واللہ تعالیٰ اعلم بحقائق الامور -

نوٹ : ابتدائی بارہ اوراق میں فن تفسیر سے متعلق متعدد مباحث کو درج کیا گیا ہے . . . .

پیش نظر جلد میں "سورۃ الفاتحہ" سے "سورۃ المائدہ" کے اختتام تک کی تفسیر ہے۔ صرف قرآن کی آیات کا ترجمہ بزبان فارسی سرخ روشنائی سے سطروں کے درمیان درج ہے۔

آخری صفحہ پر ابوبکر طرفانی نے لکھا ہے "قرأت اکثر اوراق التفسیر و وجدتہا سالمۃ"۔

577

شرح کتاب علوم الحدیث لابن الصلاح

577

الشیخ الامام الحافظ زین الدین عبد الرحیم بن الحسین العراقی المتوفی سنہ ۸۰۵ھ / سنہ ۳-۱۴۰۲ء

سائز	:	۱/۲ ۱۲ × ۱۸ سطور : ۲۰
اوراق	:	۱۳۱ خط : نسخ
مہر	:	ناصر الدین احمد سنہ ۱۱۲۴ھ / سنہ ۱۷۱۲ء
موضوع	:	اصول حدیث زبان : عربی
حالت	:	مجلد - کتابت بہت معمولی -
آغاز	:	فیقول وباللہ التوفیق ان صح اسانید اصل البیت جعفر بن محمد عن ابیہ عن جدہ عن علی -
اختتام	:	وقاید نا الی جنات النعیم والی وارہ دارالسلام بفضلہ ومنّہ وکرمہ -
نوٹ	:	صاحب "کشف الظنون" ملا کاتب چلپی نے درج ذیل

صراحت کی ہے - :

ابن الصلاح کی کتاب علوم الحدیث کی تلخیص زین الدین العراقی نے کی تھی اور مدینہ طیبہ میں جمادی الآخر ۷۶۸ھ میں فراغت پائی تھی - بعدازاں العراقی نے اس تلخیص کی شرح لکھی اور ۲۵ رمضان ۷۷۱ھ / بمطابق ۲۲ اپریل ۱۳۷۰ء کو فراغت پائی اور شرح کو "فتح المغیث بشرح الفیۃ الحدیث" کے نام سے موسوم کیا، لیکن یہ شرح نہایت ضخیم اور طویل ہوگئی - اس لئے ایک متوسط شرح لکھی - یہ متوسط شرح اہل علم میں مقبول ہوئی - اس کی تلخیص اور تلخیص پر حواشی لکھے گئے - علاوہ ازیں چند علمائے کبار نے اس متوسط شرح کی شرحیں لکھیں -

ظن غالب یہ ہے کہ مذکورہ بالا نسخہ العراقی کی متوسط شرح ہے - کتاب میں کئی مقامات پر "قال ابن الصلاح" درج ہے .

578

578 الجزء الثانی من الثلاثین لصحیح مسلم

الامام الحافظ ابوالحسین مسلم بن الحجاج القشیری
النیشاپوری المتوفی سنہ ۲۶۱ھ / سنہ ۷۵-۸۷۴ء

سائز	: ۲۵ × ۱۴½ ½	سطور	: ۱۷
اوراق	: ۶۴	خط	: نسخ
مہر	: عبدالحمید سنہ ۱۰۹۸ھ / سنہ ۸۷-۱۶۸۶ء ۳۰		

عبارت تحریر : از بابت وزارت پناه کہ شرف نساء بیگم از متروکہ شوہر خود یافتہ بودند آں را بدست وزارت پناہ مذکور فروختہ اند۔

مالک : خاندان ولی اللہ ۱۳۳۷ھ / ۱۹-۱۹۱۸ء

حالت : مجلد - کتابت معمولی ۔

موضوع : حدیث زبان : عربی

آغاز : باب علامة المنافقین ۔ حدثنا ابو بکر بن أبی شیبة حدثنا عبد اللہ بن نمیر ح دثنا ابن نمیر ثنا أبی ۔

اختتام : دیرفع الیہ عمل النھار باللیل وعمل اللیل مالنھار۔

نوٹ : اس کتاب میں حواشی کثرت سے ہیں ۔ نسخہ بہت قدیم ہے ۔

579-1

579-1

(۱) ثلاثیات البخاری

امام ابو عبداللہ محمد بن اسمٰعیل البخاری

المتوفی سنہ ۲۵۶ھ / سنہ ۷۰-۸۶۹ء

سائز : ۱۰½ × ۱۶½ سطور : ۱۶

اوراق : ۱ سے ۴ (۴) خط : نسخ

سنہ کتابت : سنہ ۱۱۱۱ھ / سنہ ۱۷۰۰-۱۶۹۹ء

کاتب : ابو بکر

مہر : عبدہ محمد ابو بکر سنہ ۱۱۲۳ھ / سنہ ۱۷۱۱ء

موضوع : حدیث زبان : عربی

حالت : مجلد - کرم خوردہ لیکن قابل مطالعہ - بائیس احادیث ثلاثیات بخاری کا کامل نسخہ -

آغاز : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - الاحادیث الثلاثیۃ للامام ابی عبد اللہ محمد بن اسمٰعیل البخاری رحمۃ اللہ -

اختتام : وکانت تفخر علی نساء النبی صلی اللہ علیہ وسلم وکانت تقول ان اللہ انکحنی فی السماء -

نوٹ : یہ نسخہ ایک مجموعہ میں شامل ہے -

579 - 2

شرح ثلاثیات البخاری

(غالباً) محمد شاہ ابن الحاج حسن المتوفی

سنہ ۹۲۹ھ / سنہ ۲۳-۱۵۲۲ء

579 - 2

سائز : ۱۰½ × ۱۶½ سطور : ۱۱

اوراق : ۵ سے ۲۰ (۱۶) خط : نسخ

سنہ کتابت : ۷ رجب سنہ ۱۱۱۱ھ بروز منگل ظہر کے وقت کتابت کی تکمیل ہوئی

مہر : عبارہ محمد ابوبکر

موضوع : حدیث زبان : عربی

حالت : مجلد - غیر کتابت شدہ زیادہ کرم خوردہ ہے - کتابت شدہ حصہ بہت کم کرم خوردہ ہے اور مطلب بخوبی سمجھ لیا جاتا ہے - کتابت خفی ہے -

آغاز : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وصلی اللہ تعالیٰ علی

سیدنا محمد وآلہ وصحبہ اجمعین ۔ حدثنا المکی بن ابراھیم ثنا ۔

اختتام : اعلم انّ ھذا آخر الثلاثیات للبخاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ وشرحھا ۔

نوٹ : " شرح ثلاثیات البخاری " کا ایک قلمی نسخہ کتب خانہ خدیویہ میں محفوظ ہے اور اس کا مصنف غالبًا محمد شاہ ابن الحاج حسن تحریر کیا گیا ہے ۔ اس کا اتباع کرتے ہوئے مصنف کا نام لکھا گیا ہے ۔ بہرحال یہ نسخہ بہت قدیم ہے ۔ شارح نے صرف تین جگہ مختصر حواشی لکھ کر مزید وضاحت کی ہے ۔

579 - 3

تحفۃ الاحباب (شرح ثلاثیات البخاری)

نامعلوم الاسم ۔

سائز : ۱۰½ × ۱۶½ سطور : ۱۷

اوراق : ۲۱ سے ۲۶ (۶) اوراق ۲۷ ، ۲۸ نہیں ہیں ۔ خط : نسخ

موضوع : حدیث زبان : عربی

حالت : مجلد ۔ خط خفی ۔ خوش خط ۔ معمولی کرم خوردہ ۔

آغاز : الاسانید الواردۃ فی اصح السانید اعنی ثلاثیات البخاری فانھا اعلی اسانیدہ کما مترح بہ ۔

اختتام : وجہ طریقۃ ابن الجزری فی مقدمۃ کتاب

الموضوعات فجاوزت تسعين وجذالك جزم ابن
دحية وقال ابوموسى المدينى يرويه -

نوٹ : یہ شرح کافی مفصل ہے لیکن ناقص الآخر ہے۔ "ثلاثیات البخاری" کی صرف پہلی حدیث کی تشریح ہے - مزید وضاحت کے لئے شارح نے بعض مقامات پر حواشی کا اضافہ کیا ہے -

579 - 4

حباب الاحباب فیمن کان هو وابوه من الاصحاب

579 - 4

محمد ابوبکر بن عبدالرحمٰن

سائز : ۱۰ $\frac{1}{2}$ x ۱۶ $\frac{1}{2}$ سطور : ۱۳

اوراق : ۲۹ سے ۴۶ (۱۸) خط : نسخ

موضوع : اسمارالرجال زبان : عربی

حالت : مجلد : چار ورق کرم خوردہ - خط جلی اور صاف -

آغاز : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمدللہ الذی مشرّف الانسان وخصّصهم ببدائع الایادی وروائع الاحسان -

اختتام : یوسف بن عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنهما -

نوٹ : مصنف نے حافظ ابوعمرو یوسف بن عبداللہ کی تصنیف

"الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب" سے ایسے راویوں کا استخراج کیا ہے کہ جو خود اور اُن کے والد اصحابِ رسول ﷺ میں تھے۔ نیز اُن راویوں کو بھی بیان کیا ہے جن کی تین یا چار پشتیں صحابہ ہونے کی سعادت سے بہرہ ور تھیں۔ مصنف نے حرف تہجی کے اعتبار سے تین سو چھیاسٹھ اسماء تحریر کئے ہیں۔

580

الجلد الاول من کتاب مشکوٰۃ المصابیح مع شرحہ

580

(شارح) محدث عبدالحق بن سیف الدین الدھلوی موطناً والبخاری اصلاً المتوفی سنہ ۱۰۵۲ھ/سنہ ۴۳-۱۶۴۲ء

سائز : ۲۶ × ۱۶½ سطور : ۲۱
اوراق : ۴۴۲ خط : نسخ و نستعلیق
کاتب : میاں محمد صالح ابن میاں الہ بخش السندی الحنفی۔
مالک : میاں محمد صالح ابن میاں الہ بخش السندی الحنفی۔
موضوع : حدیث زبان : عربی (شرح در فارسی)
حالت : مجلد ۔ معیار کتابت معمولی۔
آغاز : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمد للہ اکمل الحمد علی کل حال و فی کل حین والصلوٰۃ و السلام

الاتمان الاکملان علی سید المرسلین وامام المتقین وخاتم النبیین محمد والہ واصحابہ واتباعہ اجمعین ھداۃ طریق الحق ویحی علوم الدین ۔

اختتام : قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الجمعۃ حق واجب علی کل مسلم فی جماعۃ ۔

جمعہ حق است واجب بر مسلمانان در جماعت یعنی ۔

نوٹ : کتاب ناقص الآخر ہے مگر دو تین ورق ہی کم ہونگے ۔ پہلے ورق کے دونوں صفحوں پر شرح کے ابواب کی فہرست درج ہے ۔

شرح شروع کرنے سے پہلے صفحہ پر[1] مالک وکاتب سرخ روشنائی سے تحریر کیا گیا ہے[2] بحوالہ عبدالحق تحریر کیا ہے کہ متفق علیہ احادیث کا مجموعہ دو ہزار تین سو چھبیس (۲۳۲۶) ہے[3] "عبداللہ، عروہ، سالم، سلیمان، سعید ابو بکر حارث رضی اللہ عنہم اجمعین" ۔ درج ہے ۔

احادیث کو سرخ لکیر کھینچ کر ممتاز کیا گیا ہے ۔ احادیث کی شرح فارسی زبان میں ہے ۔ حواشی میں بعض بعض جگہ وضاحتی نوٹس لکھے گئے ہیں ۔

احادیث کو خط نسخ میں لکھا گیا ہے اور شرح خط نستعلیق میں ہے ۔

581

الجلد الثانی من مشکوٰة المصابیح

شیخ ولی الدین ابوعبد اللہ محمد بن عبداللہ الخطیب

581

سائز : ۱۳ × ۲۳ سطور : ۱۹

اوراق : ۲۶۷ سے ۴۴۶ خط : نسخ

سنۂ تالیف : جمعہ ماہ رمضان ۷۳۷ھ / اپریل ۱۳۳۷ء

موضوع : حدیث زبان : عربی

حالت : غیر مجلد - کتابت کا معیار معمولی -

آغاز : ما حدثتکموہ رواہ الترمذی وابن ماجۃ وقال الترمذی ھذا حدیث حسن کتاب الحدود الفصل الاول ...

اختتام : باب ذکر الیمن والشام وذکر اویس القرنی الفصل الاول من -

نوٹ : نسخہ ہذا کے دو سو چھیاسٹھ ۲۶۶ ابتدائی اوراق نہیں ہیں - مشکوٰة المصابیح کا آخری باب " باب ثواب ھذہ الامۃ " ہے ہذا یہ باب اور اس سے پہلے باب " ذکر الیمن " کی احادیث نہیں ہیں - نسخہ ہذا کو " مشکوٰة المصابیح " کی جلد دوم قرار دیا جا سکتا ہے کیونکہ جلد دوم میں کتاب الحدود سے ابتدا ہوتی ہے -



مخطوطہ نمبر ۵۸۲-I

"مجمع البحار الانوار" کا نادر مکمل نسخہ جو اس کتب خانے کی زینت ہے

582 - 1

مجمع البحار الانوار الجلد الاوّل

582 - 1

شیخ الاسلام مجد الدین محمد بن طاہر بن علی بن الیاس
الفتنی الصدیقی المتوفی سنہ ۹۸۶ھ / سنہ ۷۹-۱۵۷۸ء

سائز : ۱/۲ ۱۵ × ۱/۲ ۲۷ سطور : ۲۹

اوراق : ۳۵۰ خط : نسخ

سنہ تالیف : سنہ ۹۷۸ھ / سنہ ۷۱-۱۵۷۰ء

مالک : محمد بن عبد الرحیم بن عبد الرزاق سنہ ۱۱۸۷ھ / سنہ ۷۴-۱۷۷۳ء

موضوع : حدیث زبان : عربی

آغاز : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - وبہ نستعین، رب یسر و تمم بالخیر، الحمد للہ الذی ھدانا وما کنا لنھتدی ۔

اختتام : وھو عائد الی مفعول فصلت أو بدل من مفعولہ قولہ عشر خصال ای مکفر عشر خصلات ای اعمال ۔

نوٹ : علامہ محدث پٹنی نے "صحیح البخاری" "صحیح مسلم" مشکوٰۃ المصابیح" کے الفاظ کے لئے حروف تہجی کے لحاظ سے حل لغات کیا ہے ۔ جلد اول میں " الف مع الباء " سے " ص مع اللام " تک ہے ۔ نسخہ ہذا کے صفحہ اول پر تین متفرق حدیثیں، ایک مسئلہ اور ایک لفظ کی نشاندہی ہے ۔ دوسرے ورق پر مرقوم ہے کہ اس کتاب کی ملکیت سنہ ۱۱۸۷ھ / سنہ ۷۴-۱۷۷۳ء میں محمد بن عبد الرحیم بن عبد الرزاق

کو خریداری کے ذریعہ حاصل ہوئی ۔

علامہ محمد طاہر محدث پٹنی کی ولادت ربیع الاول سنہ ۹۱۴ھ جون ۱۵۰۸ء میں گجرات کے قدیم اور تاریخی دارالسلطنت پٹن میں ہوئی جسے عربی کتابوں میں نہروالا لکھا جاتا ہے۔ جو اس زمانہ میں علوم وفنون کا مرکز اور علماء کبار کا مسکن تھا۔ آپ نے مکہ معظمہ جاکر علامہ علی متقی رح سے تحصیل علم حدیث مکمل کی ویسے آپ نے علم حدیث بیس اساتذہ سے حاصل کیا تھا۔

آپ کی سب سے مشہور تصنیف لغت حدیث میں "مجمع البحار الانوار" ہے۔ جس کو یہ کہنا چاہئے کہ وہ صحاح ستہ کی شرح ہے۔ شیخ محمد طاہر محدث پٹنی نے اس کو تصنیف کرکے علماء پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔ آپکی تصنیفات میں سے "المغنی فی اسماء الرجال" اور "تذکرۃ الموضوعات" بے مثل کتابیں ہیں۔ اس کے علاوہ حضرت محدث پٹنی کی تصانیف میں حسب ذیل کتابیں ہیں۔: کفایۃ المفرطین (شرح شافیہ)۔ تعلیق الترمذی ۔ کتاب لتوسّل ۔ المسبّھات ۔ تبویب مقاصد جامع الاصول ۔ مجموعۂ فتویٰ (چار جلدوں میں)

سنہ ۹۸۶ھ / ۱۵۷۸-۷۹ء میں محمد طاہر پٹنی کو بدعت کی مخالفت کرتے ہوئے مرتبۂ شہادت حاصل ہوا۔ ۔ ۔

582 - 2

مجمع البحار الانوار (الجلد الثانی)

582 - 2

شیخ الاسلام مجد الدین محمد بن طاہر بن علی بن الیاس
الفتنی الصدیقی المتوفی سنہ ۹۸۶ھ / سنہ ۷۹-۱۵۷۸ء

سائز : ۱۶ × ۲۷ — سطور : ۲۹
اوراق : ۳۵۱ سے ۷۷۳ — خط : نسخ
سنہ تالیف : سنہ ۹۷۸ھ / سنہ ۷۱-۱۵۷۰ء
مالک : محمد بن عبدالرحیم بن عبدالرزاق - سنہ ۱۱۸۷ھ / سنہ ۷۴-۱۷۷۳ء
موضوع : حدیث — زبان : عربی
حالت : مجلد - معیار کتابت متوسط -
آغاز : شیئا ہو یکفر عشر انواع من الذنوب ھی اولہ و وآخرہ الخ -
اختتام : یمکن التطبیق بینھا وبین الظواہر فھو من کمال الایمان و سیتم ھذا المعنی فی کتاب التفسیر -
نوٹ : مجمع البحار کی اس جلد ثانی میں صرف پہلے صفحہ پر " ص مع اللام " ہے اور دوسرے صفحہ پر " ص مع المیم " شروع ہوتا ہے جو " الیاء مع المیم " پر ورق ۷۰۹ پر منتہی ہوتا ہے -

ورق ۷۰۹ پر علامہ محدث پٹنی نے " فصل فی تعیین بعض الاحادیث المشتھرۃ علی الالسن والصواب خلافھا "

عنوان قائم کرکے احادیث تحریر کی ہیں - یہ فصل ورق ۳۰ ۷
پر ختم ہوتی ہے - تذکرہ علامہ شیخ محدث پٹنی کی تصانیف میں
اسے صفحہ ۸۹ پر ذیل لکھا گیا ہے - (ذیل مجمع البحار)
علامہ نے حروف تہجی کے اعتبار سے "مجمع البحار
الانوار" کا تکملہ لکھا ہے جو ورق ۳۱۷ سے ۳۷۷ تک ہے۔

583

مبارق الازہار فی شرح مشارق الانوار 583

علامہ عبد اللطیف بن عبد العزیز المعروف بابن الملک

سائز : ۱۸ × ۲۶ ½ سطور : ۳۱
اوراق : ۲۱۴ خط : نستعلیق
سنہ کتابت : ماہ شعبان ۸۷۵ھ / جنوری ۱۴۷۱ء
کاتب : محمود بن بختیار - مہر : (۱) جیون میر بن تفضل -
(۲) عبد الکریم بن محمد -
(۳) محمد تفضل حسین -
موضوع : حدیث زبان : عربی -
حالت : جلد شکستہ - معیار کتابت متوسط -
آغاز : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، علیک علی الاعتماد یا کریم-
الحمد للہ علی ھدیۃ الھدایۃ والسلام -
اختتام : تقدم الکلام وماھو اصبح الروایات الواردۃ فیہ
فی اول الباب التاسع -
نوٹ : نسخہ ہذا کے ایک صفحہ میں دو مہریں ہیں اور ایک ورق کے بعد

تیسری مہر ہے - یہ تینوں مہریں اصل کتاب کے کاغذ کو پھاڑ کر اس کی جگہ دوسرے کاغذ لگا کر لگائی گئی ہیں -

کتاب سے پہلے فہرست کتاب ایک صفحہ پر مرقوم ہے - آخری صفحہ پر تین عبارتیں تحریر ہیں جو درج ذیل ہیں -

(۱) بلغ تداکرۃ ال ھنا فی مدرسۃ پنوی پاشا سنہ ۱۰۱۹ھ ۱۱-۱۶۱۰ء

(۲) " " فی المرۃ الثانیۃ فی مدرستہ نشابجی پاشا سنہ ۱۰۲۳ھ / سنہ ۱۶۱۴ء

(۳) بلغ تداکرۃ فی المرۃ الثالثۃ مع مولانا علی آفندی اترہ مصری سنہ ۱۰۳۶ھ / سنہ ۲۷-۱۶۲۶ء وانا الفقیر محمود بن...

" مشارق الانوار " حدیث کی مشہور کتاب حسن صاغانی کی ہے - متعدد شرحیں لکھی گئی ہیں - ابن الملک کی شرح مختلف خوبیوں کی حامل تھی اس لئے اس کے چند حواشی لکھے گئے -

شارح نے احادیث کو سرخ روشنائی سے خط کشیدہ کرکے ممتاز بنایا ہے ...

584

شرح المولد للجزری 584

مولانا الشیخ عبد العزیز بن محمد ولی الخالدی الفتنی اصلاً الاحمدآبادی مسکناً -

سائز : ۱۴×۲۴ سطور : ۲۶

اوراق : ۳۲ خط : نسخ

مالک : (۱) عبد العزیز الخالدی - (۲) محمد ابوبکر -

حالت : مجلد - خط بہت خفی - مشکل سے پڑھنا ممکن ہے -
موضوع : سیرت رسول ؐ
زبان : عربی
آغاز : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - ربك اعتصم یا کریم، الحمد للہ رب الارباب، مسبب الاسباب، مفتح الابواب -
اختتام : ثما خذته فما هو الا له جیت به رحلی وتمام صاجی -
نوٹ : الامام الجزری نے " التعریف بالمولد الشریف " اور " مختصر عرف التعریف بالمولد الشریف " نامی دو کتابیں لکھیں - نسخہ ہذا الجزری کی تصنیف کی شرح ہے اور " فبتنا بخیر لیلة " تک لکھی ہے -
مؤلف شرح عبدالعزیز بن محمد ولی الخالدی الفتنی ، الشیخ العالم وجیہ الدین العلوی کے تلامذہ میں سے ہیں -

585

مناقب حضرت ابا بکر صدیق رضؓ

585

نا معلوم الاسم

سائز : ۲۲ × ۱۵ ½ سطور : ۹
اوراق : ۱۳ خط : نسخ
کاتب : ولی اللہ
موضوع : مناقب
حالت : مجلد - صاف - جلی اور عمدہ خط -
آغاز : اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم - الا تنصروه فقد

نصراللہ اذ اخرجہ الذین کفروا ثانی اثنین اذھما فی الغار۔

اختتام : سبحان ربک رب العزۃ عمایصفون وسلام علی المرسلین، والحمد للہ رب العالمین ۔ برحمتک یاارحم الراحمین ۔

نوٹ : خلیفۂ اوّل ابوبکرصدیق رض کی انتیس خصوصیات تحریر کرنے کے بعد بتوسط صدیق رض اور اُن کے آقا حضرت محمد صلعم اپنے لئے، اپنے اعزہ واحباب اور امت مسلمہ کے لئے ہر قسم کی دنیوی واخروی فلاح وکامرانی کی دعا کی گئی ہے ۔ بعد ازاں درود ابراہیمی درج ہے ۔

586 - ا - 2

التلویح علی کتاب التنقیح مع التوضیح

علامہ سعدالدین التفتازانی

586-1-2

سائز : ۲۷½ × ۱۵½ سطور : ۱۹

اوراق : (۱) ا سے ۲۶۸ - (۲) ۲۶۹ سے ۵۰۵ خط : نسخ

سن کتابت : تکمیل : بوقت اشراق بروز جمعرات ۲۹ ذی الحجہ ۱۰۹۸ھ
۲۶ / اکتوبر ۱۶۸۷ء

مقام کتابت : روضہ مقدسہ حضرت شاہ عالم رح احمدآباد

کاتب : بدرالدین ابن شیخ بہاءالدین عباسی

موضوع : اصول فقہ زبان : عربی

حالت : مجلد - صاف اور عمدہ خط - جلی کتابت -

آغاز (۱) : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - الحمد للہ الذی احکم بکتابہ اصول الشریعۃ العزاء -

اختتام (۱) : کان اداء بالاتفاق لوقومہ فی الوقت الا انہ عند ابی یوسف -

آغاز (۲) : یحب مضیقا، لا یجوز تاخیرہ من العام الاول وھو لا یسع الا حجا واحدا -

اختتام (۲) : ودعت فی بغیۃ جبیب الدعدعۃ ولذیذ الکری وغد الصباح بحمد القوم السری -

ترقیمہ : قد وقع الفراغ من تحریر بعض ھذہ النسخۃ المسمات بالتلویح مع حواشیہ فی علم اصول الفقہ علی ید اضعف عباد اللہ الخالق الباری بدرالدین ابن شیخ بھاء الدین العباسی متوطنا فی الرسولاباد لازال معدنا لاھل الفضل والارشاد وکان دلک الاتمام فی الروضۃ المقدسہ المطھرۃ حضرت شاہ عالم کان اللہ لہ فی یوم الخمیس وقت الاشراق التاسع والعشرین من شھر ذی الحجہ سنہ ثمان وتسعین والالف الھجری النبوی علی نبینا وعلی آلہ واصحابہ افضل الصلوٰۃ و اکمل التحیۃ -

نوٹ (۱) : کتاب مذکورہ میں حواشی کثرت سے ہیں -

نوٹ (۲) : "التلویح" کے اکثر صفحات پر جگہ جگہ مطالب کی وضاحت کے لئے حواشی لکھے گئے ہیں - یہ خفی خط میں ہیں - یہ حواشی "التلویح" کے دوسرے شارحین کی شروح سے ماخوذ ہیں -

587

نظم الخلافیات

587

ابوحفص نجم الدین عمر بن محمد نسفی

سائز : ۱۶ × ۲۳ سطور : ۱۱

اوراق : ۱۳۵ خط : نسخ

سنہ تالیف : تکمیل ۱۵ صفر ۵۰۴ھ سنیچر بوقت دوپہر ۲ ستمبر ۱۱۱۰ء

سنہ کتابت : ۷۷۴ھ / ۷۳-۱۳۷۲ء

کاتب : الوان بن ابراہیم بن سونج بن .... بن خلیل بن قاسم بن اورن۔

موضوع : فقہ (حنفی) زبان : عربی

حالت : مجلد - کہیں کہیں کرم خوردہ - بدخط - مایقرأ - ناقص الاول -

آغاز : والعصر حین المریلقی ظلہ
قد صار مثلیہ وقالا مثلہ

اختتام : ثم الصلوٰۃ عدد الأمطار
علی النبی سید المختار

ترقیمہ : قد حصل الفراغ من تعلیقہ بحمد اللہ وحسن توفیقہ --- العبد الضعیف النحیف الراجی الی رحمۃ ربہ ---- الوان بن ابراہیم بن سونج بن --- بن خلیل بن قاسم بن اورن احسن اللہ عواقبھم و بلغ فی الدارین امالھم سنہ اربع وسبعین وسبعمایہ والحمد للہ لولیہ والصلوٰۃ علی نبیہ وصحبہ وسلم۔

نوٹ : مذکورہ بالا کتاب فقہ حنفی میں بہ صورت نظم لکھی گئی ہے۔

اشعار کی تعداد دو ہزار چھ سو ساٹھ ہے ۔ اس کتاب میں ایسے مسائل کا بیان ہے جن میں اماماعظم رح اور صاحبین کے درمیان یا امام شافعی رح وغیرہ سے اختلاف ہوا ہے ۔

کتاب کے آخری صفحہ پر نجم الدین عمر بن محمد نسفی کے مختصر سوانح درج ہیں ۔ ۔

588

شرح کنز الدقائق الجلد الثانی

588

القاضی بدرالدین محمود بن احمد المعروف بالعینی المتوفی سنہ ۸۵۵ھ / سنہ ۱۴۵۱ء

سائز : ۱۷ × ۳۰½ سطور : ۱۶

اوراق : ۱۰۶ خط : نسخ

موضوع : فقہ حنفی زبان : عربی

حالت : غیر مجلد ۔ معیار کتابت متوسط ۔

آغاز : ھذا کتاب فی بیان احکام البیوع و فی بعض النسخ البیع والاصل ان لا یجمع البیع ولا یثنی ۔

اختتام : حقا علیک له ای نرید علیک فقال الرجل اخذته ظلما بطریق ۔ ۔ ۔ ۔

نوٹ : نسخہ ہذا ناقص الآخر ہے ۔

علامہ عبداللہ بن احمد بن محمود نسفی متوفی سنہ ۷۱۰ھ / سنہ ۱۳۱۰-۱۱ء نے " کنز الدقائق " نامی کتاب لکھی ۔ اس کی شرحیں بہت زیادہ

لکھی گئیں - عثمان بن علی الزیلعی متوفی سنہ ۷۴۳ھ سنہ ۱۳۴۲-۴۳ء العینی اور زین العابدین ابن نجیم مصری کی شرح "البحر الرائق" زیادہ مشہور شرحیں ہیں -

نسخۂ ہذا میں حواشی بہت زیادہ ہیں - حواشی میں اکثر "الہدایہ" "الکفایہ" "العنایہ" کے حوالے سے عبارتیں نقل کی گئی ہیں -

پہلے ابتدائی ورق کے دونوں جانب فارسی اور عربی میں ایک غیر مربوط تحریر ہے - دوسرے ورق کے دونوں صفحات پر کتاب کے ابواب کی فہرست ہے - تیسرے ورق کے پہلے صفحہ پر فارسی کے چند متفرق اشعار ہیں - . .

589

منیۃ المصلّی وغنیۃ المبتدی

583

سدید الدین کاشغری

سائز : ۱۶ × ۲۲ ½ سطور : ۱۳

اوراق : ۱۲۳ خط : نسخ

موضوع : فقہ حنفی زبان : عربی

حالت : غیر مجلد - معیار کتابت متوسط -

آغاز : الحمد للہ رب العالمین والعاقبۃ للمتقین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ محمد وآلہ اجمعین - . .

اختتام : والحمد للہ اولاً وآخراً وباطناً وظاہراً۔

نوٹ : یہ کتاب درس نظامی میں شامل رہی اور کئی بار طبع ہوچکی ہے۔ مطبوعہ کتاب میں حواشی بھی ثبت ہیں مگر نسخہ ہذا میں حواشی نہیں ہیں۔ صرف چندجگہ حواشی ہیں۔ کتاب ختم ہونے پر "شرح القدوری للزاھدی" کے بیان کو نقل کیا ہے کہ سجدہ کی اقسام پانچ ہیں۔ سجدہ کی تفصیلات تحریر کرنے کے بعد دوسرے صفحہ پر چندمتفرق مسائل لکھ دیئے گئے ہیں۔ تیسرے صفحہ پر ایک سوال اور اس کا جواب مندرج ہے۔ اسی طرح کتاب کے تین ابتدائی صفحات میں مختلف مسائل درج ہیں۔

نماز سے متعلق مسائل کو گیارہ صفحات میں درج کیا گیا ہے۔ ان صفحات کے درمیان کوئی صفحہ کسی کتاب کا لگا ہوا ہے۔ صفحہ اول پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مراکب کا ذکر ہے اور صفحہ ثانی پر پانچ انبیاء کے لئے معراج کو بتایا گیا ہے۔

590

590

کنز الدقائق

ابو البرکات عبد اللہ بن احمد بن محمود المعروف بحافظ الدین النسفی المتوفی سنہ ۷۱۰ھ / سنہ ۱۳۱۰-۱۱ء

سائز : ۱۵ × ۲۴ سطور : ۷

اوراق : ۳۱۶ خط : نسخ

مالک : (محمد فاضل نقشبندی) ۱۲۱۸ھ / ۴-۱۸۰۳ء

موضوع : فقہ حنفی زبان : عربی

حالت : غیر مجلد ۔ کتابت معمولی ۔

آغاز : او قفصه صيد لا يرسله ولو اخذ حلال صيدا فاحرم ضمن ۔

اختتام : فان كان من يرد عليه جنسا واحدا فالمسئلة من رؤوسهم كبنتين او اختين والا فمن ۔

نوٹ : یہ نسخہ ناقص الطرفین ہے ۔ ابتدا میں ستر اوراق نہیں ہیں اور آخر میں ایک ورق کم ہے ۔ حواشی بہت زیادہ ہیں اور سطروں کے درمیان بھی تشریحات ہیں ۔ "کتاب الحج" باب الدیات کے مسائل اس نسخہ میں درج ہیں ۔

آخری صفحہ پر جمعہ اور ظہر کے پڑھنے کے متعلق تحقیق ہے اور ایک طبی نسخہ درج ہے ۔

591

591

شرح مفتاح الغیب

شمس الدین محمد بن حمزۃ الفناری المتوفی

سنہ ۸۳۴ھ / سنہ ۳۱-۱۴۳۰ء

سائز : $15\frac{1}{2} \times 23$ ۲۳ × ۱۵½ سطور : ۲۳

اوراق : ۵۳ خط : نسخ

موضوع : تصوف زبان : عربی

تاریخ کتابت : کتابت کی تکمیل بوقت عصر منگل ۲۵ ذی الحجہ سنہ ۱۰۹۴ھ
۵ر دسمبر سنہ ۱۶۸۳ء

مقام کتابت : احمد نگر ۔

کاتب : محمد شفیع نور محمد جونفوری الآلن فوری

مہر : (سرورق) بتاریخ سوم شہر ربیع الآخر سنہ ۲۱ عرض دیدہ شد

آغاز : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ الحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ علی سیدنا محمد خاصّۃ ۔

اختتام : وعلی امامنا ومفتاح قفل تشاتنا ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ۔

ترقیمہ : وقدتم ھذا الکتاب فی یوم الثلثا مورخا خمسۃ عشرین من شہر ذی الحجہ سنہ الف واربعۃ وتسعین من ھجرۃ النبویۃ صلی اللہ علیہ وسلم الکاتب العاجز الفقیر الحقیر المحتاج الی الغنی والفقراء محمد شفیع نور محمد الجونفوری الآلن فوری وکان الاختتام فی بلدہ احمد نکر فی وقت اول العصر صانہا اللہ عن البلیات والضرر بکرمہ وفضلہ ۔

نوٹ : شارح شمس الدین الفناری نے شرح مفتاح الغیب کو "مصباح الانس بین المعقول والمشھود فی شرح مفتاح غیب الجمع والوجود" کے نام سے موسوم کیا ہے کتاب کے ابتدائی دو ورق میں شارح کے سوانح مرقوم ہیں ۔

اصل متن "مفتاح الغیب" صدرالدین محمد بن اسحاق القونوی المتوفی ۸۳۴ھ / ۳۱ - ۱۴۳۰ء کی تصنیف ہے ۔
کتاب مجلد ۔ خط خفی ۔ کتابت متوسط معیار کی ۔
کتاب مکمل ہے ۔

592

کتاب معانی الاخبار

592

الامام ابوبکر ابن ابی اسحاق محمد بن ابراهیم بن یعقوب
البخاری المعروف بکلاباذی المتوفی ۳۸۰ھ/ ۹۱-۹۹۰ء

سائز : ۱۶ × ۲۷ ½ سطور : ۲۱
اوراق : ۴۳۶ خط : نسخ
سنہ کتابت : منگل ۷ جمادی الآخر ۹۲۳ھ/ ۲۷ جون ۱۵۱۷ء
کاتب : عبدالملک بن احمد بن حسن الملقب بالخلیفہ
مالک : محمد ابوبکر بن عبدالرحمٰن الاحمد آبادی
موضوع : تصوف زبان : عربی
حالت : مجلد - معیار کتابت متوسط - کتاب بوسیدہ یا کرم خوردہ ہونے کی وجہ سے حواشی پر کاغذ چپکائے گئے ہیں -
آغاز : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، ربّ یسّر، قال الشیخ ابوبکر بن ابی اسحاق محمد بن ابراهیم بن یعقوب البخاری المعروف بکلاباذی —
اختتام : واللہ یوفق لمن شاء ویفتح علی من یرید و ھو الحمد المجید والحمد للہ وصلواتہ علی رسولہ محمد والہ اجمعین و سلم تسلیماً کثیرا -
نوٹ : صفحہ اول پر کلاباذی کے مختصر سوانح مرقوم ہے -
نسخۂ ہذا چند اشخاص سے منتقل ہوتے ہوئے محمد ابوبکر بن

عبدالرحمٰن الاحمدآبادی کی ملکیت میں آیا۔ آخری صفحہ پر کتابت کے بعد قلمزد کردیا گیا ہے لیکن پڑھا جاتا ہے۔

593

شرح الرسالة الاحمدیہ فی مناقب المشائخ المغربیة 593

ابوحامد اسمٰعیل بن ابراھیم

سائز : ۱۱ × ۱۸ سطور : ۱۴

اوراق : ۱۹۰ خط : نسخ

موضوع : تذکرۂ مشائخ تصوف ۔ زبان : عربی

حالت : مجلد ۔ معمولی کرم خوردہ ۔ کتابت متوسط معیار ۔

آغاز : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ الحمدللہ هوالثناء علی الجمیل من نعمة أو غیرها والثناء ذکر الخیر للہ ۔

اختتام : والصلوٰة علی نبینا وحبیبنا محمد علیہ الصلوٰة والسلام وعلی آلہ البررہ جمع البا الکرام جمع الکریم ولیکن هذا فی آخر الکلام ...

نوٹ : " الرسالة الاحمدیہ فی مناقب المشائخ المغربیہ" حضرت شیخ احمد کھٹو گنج بخش مغربی سرکھیجی کی تصنیف ہے اور سلسلہ مغربیہ کے مشائخ کرام کے حالات میں معتبر اور مشہور کتاب ہے جس کو سلطان احمد اوّل گجراتی کے نام معنون فرمایا ہے۔

نسخہ ہذا اس کی شرح ہے جسے ایک عالم نے لکھی ہے جن کا نام ابوحامد اسمٰعیل بن ابراہیم ہے۔ اسی میں شیخ احمد کی وفات کے بعد لکھا گیا مرثیہ بھی عربی میں تحریر کیا گیا ہے۔ آخر میں حضرت مخدوم شیخ احمد کھٹو مغربی رح کے خلیفہ صلاح الدین مغربی رح کا مدحیہ قصیدہ ہے جس میں گجرات کے سلطان محمد شاہ بن احمد شاہ اول کی مدح بھی شامل ہے۔ یہ کتاب وسط سے ناقص اور بدخط ہے۔

احمد آباد اور گجرات کے مشہور صوفی بزرگ حضرت سراج الدین محمد شاہ عالم رح نے بھی مغربی طریقہ کی بیعت حضرت شیخ احمد کھٹو رح سے حاصل کی تھی اس لئے حضرت شیخ احمد کا نام بھی حضرت شاہ عالم رح کے مرشدوں میں شامل ہے۔ گجرات کے سلطان احمد شاہ اول کو شیخ احمد کھٹو رح سے حسن عقیدت تھی یہ شہر احمد آباد کا سنگ بنیاد انھیں کے دست مبارک سے رکھوایا گیا تھا۔

594 -1- 2

594 - 1 - 2

(۱) مجہول الاسم

(۲) نامعلوم الاسم

مؤلف رسالہ : محمد نہروالی (من اولاد الفقیہ ابی اللیث السمرقندی)

سائز : ۱۱۰۱/۲ × ۱۸۱/۲

سطور : ۱۷

اوراق : (۱) ۷ (۲) ۶ خط : نسخ

سنہ کتابت : پیر ۲۶ محرم ۱۰۰۹ھ / ۲۸ جولائی ۱۶۰۰ء

کاتب : عبدالملک ابن شیخ زین الدین محمد ابن میران ابن شمس الدین ابن علاء الدین مشتری الانصاری ۔

موضوع : تذکرۃ المذاہب زبان : عربی

حالت : مجلد ۔ نہایت معمولی کرم خوردہ ۔خط خفی ۔ صاف ۔

آغاز (۱) : قالوا ان اللہ لا یقدر ان یفعل بعبادہ فی الدنیا مالا صلاح لھم ۔

اختتام : (۱) غفراللہ لہ ولھم وللمسلمین ۔آمین برحمتک یا ارحم الراحمین ۔

آغاز (۲) : من لحم ودم حتی قال بعضھم اعفونی عن اللحیۃ والفرج وسلونی عما وراہ ۔

اختتام (۲) : والتخییی قالوا معو وجہ وید و رجل ونحوھا ۔

ترقیمہ : درمیان میں ورق سات پر

تمت ھذہ الرسالۃ بعون اللہ وتوفیقہ بید العبد الضعیف المفتقر الی اللہ الغنی عبد الملک ابن شیخ زین الدین محمد ابن میران ابن شمس الدین ابن علاء الدین مشتری الانصاری مولف ھذہ الرسالۃ محمد نھروالی وھو من اولاد الفقیہ ابی اللیث السمرقندی غفراللہ لہ ولھم وللمسلمین آمین برحمتک یا ارحم الراحمین تمت فی التاریخ ۲۶ شھر محرم الحرام سنہ ۱۰۰۹ روز دوشنبہ ۔

نوٹ : (۱) : کتاب ناقص الاول ہے ۔تیس اسلامی فرقوں کا مختصر تعارف درج ہے ۔

نوٹ (۲) : رسالہ ہذا ناقص الاول ہے ۔ اکیاون اسلامی فرقوں کا مختصر تعارف درج ہے ۔

595

تسلیۃ الخواطر فیما تقرّبہ النواظر

الشیخ صدیق المدنی ابن عمر خان تلمیذ الشیخ محمد السمان 595

سائز : ۱۵ × ۲۱½ سطور : ۱۷

اوراق : ۷۷ خط : نسخ

موضوع : نظم زبان : عربی

حالت : مجلد ۔ کتابت کا معیار متوسط ۔

آغاز : الحمدللہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سیدنا محمد وعلی آلہ وصحبہ اجمعین ۔

اختتام : فیحسبنی من لم یذق طعم حبّہ
تمایلت سکرا من حمیا الفتی النجدمی

نوٹ : حمدیہ، نعتیہ اور منقبتی قصائد کا مجموعہ ۔ بعد ازاں تہنیت وغزل کے موضوع پر اشعار ہیں ۔ تقریباً آخر کے ایک تہائی حصہ کتاب میں بیت کے نام سے اشعار درج ہیں ۔ بیت لکھ کر کہیں دو اور کہیں چار اشعار درج ہیں ۔

قصائد کے جامع نے درمیان میں اپنا عربی کلام بھی لکھا ہے " قال " اور " قُلت " سرخ روشنائی سے لکھ کر دونوں کلام ممتاز کئے گئے ہیں ۔

جامع نے بعض قصائد میں مصرعے لگائے ہیں ۔ اور مثلث کو مخمس بنا دیا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

جامع نے سرخ روشنائی سے ہی عنوان قصیدہ کو متعین کیا ہے اور عام طور سے "قال" کے ساتھ جملہ دعائیہ لکھا ہے۔

کتاب مذکورہ بالاختم ہوجانے کے بعد ایک ورق پر جامع اور مُرتّب کا نام سید احمد بن ادریس لکھا ہوا ہے اور چار مدحیہ اشعار درج ہیں۔

596

596 # الفن الثالث فی علم البدیع

(مختصر المعانی)

علامہ مسعود بن عمر المدعو بسعد التفتازانی

المتوفی ۷۹۱ھ / ۸۹-۱۳۸۸ء

سائز : ½۱۵ × ۲۸ سطور : ۱۳

اوراق : ۴۰ خط : نسخ

مالک : میاں محمد بن میاں عبدالرحیم۔

موضوع : فصاحت وبلاغت زبان : عربی

حالت : مجلد - کتابت جلی - آخری دو ورق ناقص۔

آغاز : الفن الثالث علم البدیع وھو علم یعرف بہ وجوہ تحسین الکلام ای تیصور معانیھا۔

اختتام : مثل الخیفاء وھی الرسالۃ او القصیدۃ التی تکون

حروف احدی کلمتیها منقوطة با جمعها وحروف۔

نوٹ : الامام جلال الدین محمد بن عبد الرحمٰن القزوینی الشافعی المعروف بخطیب دمشق المتوفی ۷۳۹ھ/ ۳۹-۱۳۳۸ء نے "تلخیص المفتاح فی المعانی والبیان" نامی کتاب تصنیف کی تھی۔ درحقیقت یہ متن ہے جو بہت پسند کیا گیا اور اس کی بہت سی شرحیں لکھی گئیں۔ علامہ تفتازانی نے نہایت مبسوط اور طویل شرح لکھی لیکن علماء اور احباب کے اصرار پر دوسری مختصر شرح لکھی۔

پہلی شرح کا نام "المطول" اور دوسری کا نام "مختصر المعانی" ہے یہ دونوں شرحیں علماء میں مقبول ہوئیں اور شاملِ نصاب بھی۔

پیش نظر نسخہ "مختصر المعانی" کا صرف "فن ثالث" ہے اور وہ بھی نا مکمل ہے "صنعت الموازنہ" کی چند سطریں نقل کرنے کے بعد کاتب نے ایک ورق میں متعدد مقامات کی عبارت نقل کر دی ہے۔

597

الشافیة

597

الشیخ جمال الدین ابو عمرو عثمان بن عمر المعروف بابن الحاجب المالکی النحوی المتوفی ۶۴۶ھ/ ۴۹-۱۲۴۸ء

سائز : ۱۳۰ x ۲۳ سطور : ۵

اوراق : ۱۹۴ خط: نسخ

مہر : ابوبکر بن محمد

۱۱۶۵ھ / ۵۲-۱۷۵۱ء

موضوع : علم صرف (قواعد) زبان : عربی

حالت : مجلد - جلی کتابت - خوش خط - مکمل نسخہ

آغاز : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - الحمد للہ وسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ وبعد -

اختتام : فلم یکتب منها بالیاء غیر بلی والی وعلی وحتی - وتمت کتاب الشافیة -

نوٹ : "کتاب الشافیہ" میں حواشی بہت کثرت سے درج ہیں - اور اسی طرح بین السطور میں تشریحات درج ہیں - اصل کتاب کے مقابلہ میں حواشی کی ضخامت کئی گنا زیادہ ہوگی اگر حواشی کو یکجا کیا جائے ...

598

598

زبدہ شرح شمہ

علاء الدین منکوری ابن مولانا محین الدین
نهر والی قاضی منکور

ناپ : ۱۰ × ۱۸½ سطور : ۹

اوراق : ۱۹۰ خط : نسخ

موضوع : منطق زبان : عربی

حالت : جلد شکستہ۔ آخر کے اوراق کے بالائی حصے پھٹے ہوئے۔ کتابت متوسط۔

آغاز : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الحمد للہ الذی تقدس من ان یوصف بالحدوث والعرض۔

اختتام : ای یبرھن علیھا الی موضوعاتھا ان کانت کسبیۃً۔

نوٹ : نسخۂ ہذا بخط مصنف ہے۔

شارح نے یہ شرح ملک معظم محمد معروف بہ اُتزبن فتح خان بن صدر بن طغاجی بن جام کی خواہش و فرمائش کے تحت لکھی۔

شارح نے سلیس زبان میں متن کی خوب وضاحت کی ہے مزید براں حواشی میں وضاحتی نوٹ لکھے ہیں۔ کہیں کہیں "سید، عصام، ق رحمۃ اللہ" حواشی کے بعد لکھا ہے۔ شارح نے شرح لکھ کر شرح اپنے پدر بزرگوار اور شاہ محمد کو پیش کی۔

599

599

غرۃ الازیاج (غرۃ الزیجات) المشہور بالزیج الہندی

ابوالریحان محمد ابن احمد البیرونی الخوارزمی


المتوفی سنہ ۴۴۰ھ / سنہ ۱۰۴۸ء

سائز : ۱۵ × ۲۳	سطور : ۱۷
اوراق : ۳۴	خط : نسخ

مہر : قاضی محمد نظام الدین خان
مالک : محمد ہاشم بن السید شمس الدین
موضوع : فلکیات زبان : عربی
حالت : مجلد - کتابت کا معیار معمولی -
آغاز : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - وبہ نستعین - زیج بجیانند البانارسی الذی سماہ کرن تلک ومعنا غرۃ الزیجات -
اختتام : فان کان فی ربع فزد ومثلہ اعظم من مثل الشمس فقد مضی وقتہ بما و ...
نوٹ : نسخہ ہذا ناقص الآخر ہے - درمیان میں ایک سادہ ورق ہے - یہ نسخہ نہایت قدیم ہے - کرم خوردہ ہوجانے کی وجہ سے تمام اوراق کے حواشی کو کاغذ سے جوڑا گیا ہے -

البیرونی ایک عظیم عالم ، محقق اور جلیل القدر مصنف ہے - اس کی ہمہ گیری ، مذاق کا تنوع اور علم کی گہرائی بے نظیر ہے وہ عربی، فارسی ، سریانی ، عبرانی ، یونانی اور سنسکرت زبانوں کا ماہر تھا - اور خوارزم کے پائے تخت کاث میں ۳ ذی الحجہ ۳۶۲ھ / ۴ ستمبر ۹۷۳ء کو پیدا ہوا -

البیرونی نے بجیانند بنارسی کی جیوتش پر سنسکرت زبان کی کتاب " کَرَن تلک " کا غرّۃ الزیجات (یا غرّۃ الازیاج) کے نام سے عربی میں نہ صرف تحت اللفظ ترجمہ کیا بلکہ اس کے نفس مضمون کی اپنی طرف سے مثالیں دے کر وضاحت بھی کی ہے - نسخہ ہذا واحد ہے اور اب تک کسی شائع شدہ فہرست میں اس کا ذکر نہیں - لیکن محمد فضل الدین قریشی نے کرن تلک (غرۃ الزیجات) کے



مخطوطہ نمبر ۵۹۹

البیرونی کی "غرۃ الازیاج" کا واحد نسخہ جسکا کسی اور فہرست میں ذکر نہیں ملتا جس پر قاضی نظام الدین کی مہر ثبت ہے۔

نام سے مع انگریزی ترجمہ وحواشی لاہور سے ۱۹۷۰ء میں شائع کی ہے۔

البیرونی بیک وقت سیاح، ریاضی داں، ماہر فلکیات، جغرافیہ داں اور مؤرخ، معدنیات، طبقات الارض اور خواص الادویہ کا ماہر اور آثار قدیمہ کا عالم تھا۔ بروز جمعہ رجب ۴۴۲ھ / ۱۱ ستمبر ۱۰۴۹ء کو داعی اجل کو لبیک کہا۔۔۔

600

التنویر فی اسقاط التدبیر

600

ابوالفضل احمد بن عبد الکریم بن عطاء اللہ الاسکندری المالکی۔

سائز : ۱۲ × ۲۱½ سطور : ۲۱

اوراق : ۸۶ خط : نسخ

سنہ کتابت : جمعہ ۲۲ جمادی الثانیہ ۱۱۷۴ھ / ۲۹ جنوری ۱۷۶۱ء

کاتب : عبدالغنی بن ابی بکر قاسم۔

مالک : (۱) الشیخ العالم عبدالغنی ۱۱۷۴ھ / ۱۷۶۱ء

(۲) عبدالرزاق ابن محمد عالم ابن عبدالقادر ابن عبدالغنی ابن محمد ابن شیخ عبدالغنی ابن ابی بکر قاسم۔

موضوع : عقائد وکلام زبان : عربی۔

حالت : مجلد ۔ کتابت معمولی ۔ صرف پہلے صفحہ کی پانچ سطریں ادھوری ہیں ۔

آغاز : ربّ یسّر وتمّم بالخیر ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ الحمد للہ المنفرد بالخلق والتدبیر الواحد فی الحکم والتقدیر ۔

اختتام : باحسان الی یوم الدین وشرف وکرم ومجد وعظم وحسبنا اللہ ونعم الوکیل ۔

ترقیمہ : قد تمّ الکتاب المسمی بالتنویر نہار الجمعۃ لثمان بقین من جمادی الآخر سنۃ ۱۱۷۴ھ علی ید الفقیر الی اللہ الراحم عبد الغنی بن ابی بکر قاسم ۔

نوٹ : مذکورہ بالا کتاب فن عقائد کی مبسوط کتاب ہے اور مسائل کو مدلل تحریر کیا گیا ہے ۔ اختلافات کو بھی درج کیا گیا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

تبیان الطریق لاہل الحلم فی شرح معانی عین العلم

محمد صدیق بن محمد شریف

سائز : ۱/۲ ۲۵×۱/۲ ۱۴ اور ۱۹×۱۰ سطور : ۲۷

اوراق : ۹۹ خط : نسخ

تاریخ تالیف : یوم الخمیس ثانی عشر محرم اربعین والف جمعرات ۱۲ر محرم سنہ ۱۰۴۰ھ - ۱۱ر اگست سنہ ۱۶۳۰ء

کاتب : حاجی بن صالح

موضوع : تصوف زبان : عربی -

آغاز : الحمد للہ الذی خلق الانسان وعلمہ البیان وانعمہ بالعلم واشرفہ بالحلم -

اختتام : الحمد للہ رب العالمین فیما انعمنا والسلام علی عبادہ الصالحین من الانبیاء والاولیاء والصلوٰۃ علی رسولہ محمد خاتم النبیین وعلی اتقیاء امتہ من اہل بیتہ واصحابہ ومن تبعھم الی یوم الدین اجمعین --

نوٹ : تصنیف کی ابتداء آخری شعبان سنہ ۱۰۲۹ھ میں ہوئی - جولائی سنہ ۱۶۲۹ء

602

تبیان الطریق لاہل الحلم فی شرح معانی عین العلم

محمد صدیق بن محمد شریف

602

سائز : ۲۳ × ۱۲½ اور ۱۴ × ۶½ سطور : ۱۷

اوراق : ۲۱۲ خط: نسخ

تاریخ کتابت : یوم الجمعہ وقت الضحیٰ ۵ سنہ جلوس ۱۷۰۵-۶ء

کاتب : ابواسحق اباً فاروقی وامّاً حسینی الاحمدنگری وموطنا احمدآبادی

مالک : مالک الحقیقی ہو اللہ المجازی عبدہ الفقیر [احمد] بن شیخ [فرید] ... ابن ... ابن مولانا ... غفراللہ تعالیٰ۔

موضوع : تصوف زبان : عربی

آغاز : الحمدللہ الذی خلق الانسان وعلمہ البیان وانعمہ بالعلم واشرفہ بالحلم۔

اختتام : الحمدللہ رب العالمین فیما انعمنا والسلام علی عبادہ الصالحین من الانبیاء والاولیاء والصلوٰۃ علی رسولہ محمد خاتم النبیین وعلی اتقیاء امتہ من اہل بیتہ واصحابہ ومن تبعھم الی یوم الدین اجمعین۔

ترقیمہ : ھذا الکتاب من شرح عین العلم علی ید الفقیر الحقیر ابواسحاق اَباً فاروقی اُمّاً حسینی الاحمدنگری موطنا الاحمدآبادی یوم الجمعہ فی وقت الضحیٰ ۵ سنہ ازجلوس قلمیشد۔ ۱۷۰۵-۶ء

نوٹ : کتاب کا دوسرا نسخہ

603

تبیان الطریق لاہل الحلم فی شرح معانی عین العلم

603 محمد صدیق بن محمد شریف

سائز : ۲۲×۱۲ اور ۱۴×۷½ سطور : ۲۱
اوراق : ۲۰۱ خط : نسخ
موضوع : تصوف زبان : عربی
آغاز : ای سورۃ القصص ثم یبدأ لیلۃ الاربعاء۔
اختتام : بدعۃ او غیرہ کان مخطئا الا کافرا فکذا الحال۔
نوٹ : ناقص الطرفین۔ شروع میں دوسرا باب ناقص ہے اور آخر میں نواں باب۔ صوم۔ کسر الشہوۃ۔ سفر وحج۔ تزوج الصحبہ اور خاموشی کا ذکر ہے

604

صفات المومنین والمنافقین

604 ملا محمد صدیق بن محمد شریف الفتنی

سائز : ۲۵×۱۴½ اور ۱۶½×۹ سطور : ۲۱
اوراق : ۲۴ خط : نسخ
مالک : (۱)۔ مالکہ المجازی احمد بن محمد الصادق والحقیقی ہو اللہ الخالق الرازق
(۲) مالک این کتاب میاں محمد بن میاں عبدالرحیم۔
موضوع : اخلاق زبان : عربی
آغاز : الحمد للہ رب العالمین والعاقبۃ للمتقین والصلوٰۃ

والسلام علی رسوله محمد واله وصحبه اجمعین
امابعد فهذه فی بیان صفات المومنین والمنافقین ۔

اختتام : اشد الناس بلاء الحدیث تم بحمد اللہ والصلوٰۃ
علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۔

نوٹ : احادیث واقوال ائمہ واکابرین کی روشنی میں مومن ومنافق
کی صفات کا بیان ہے ۔

605

مرأة الجنان مختصر مصباح البیان

عبدالرحمٰن بن شیخ آدم

سائز : ۲۷×۱۶ اور ۱۱×۶½ سطور : ۲۱

اوراق : ۵۸ خط : نسخ

تاریخ تالیف : ۱۰۹۱ھ ۱۶۸۰ء

تاریخ کتابت : ۱۰۹۱ھ ۱۶۸۰ء

کاتب : عبدالرحمٰن بن شیخ آدم

مالک : (۱) مالکہ الحقیقی ہو اللہ الکریم والمجازی محمد بن عبدالرحیم ۔
(۲) عبدالقادر چلی ۔

موضوع : عقائد زبان : عربی

آغاز : الحمد للہ الذی خلقنا من العدم وارسل الینا النبی
الاکرم ۔

اختتام : فانہ تعالی یقبل العبد اذا اتاہ ویجیب دعوتہ
اذا دعاہ والحمد للہ حمد الشاکرین سبحان
ربک رب العزۃ عما یصفون وسلام علی المرسلین

والحمدلله رب العالمین۔

ترجمہ : وقد وقع الفراغ من تصنیف هذا الشرح سنه الف واحدی وتسعین من الهجرة ۱۰۹۱ھ

